28 اگست 2025ء

اسٹیٹ بینک نے مالی سال 2024-25ء کے سالانہ مالی گوشوارے جاری کردیے

بینک دولتِ پاکستان نے مالی سال 25ء کے سالانہ مالی گوشوارے جاری کردیے ہیں جن کے ساتھ آڈیٹرز کی رپورٹ بھی موجود ہے، یہ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک ایکٹ، 1956 کی شق 40(3) کی تعمیل کرتے ہوئے مذکورہ مالی گوشوارے اور آڈیٹرز کی رپورٹ وفاقی حکومت اور مجلسِ شوریٰ (پارلیمنٹ) کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔

سال کے دوران، اسٹیٹ بینک نے 2,500 ارب روپے کا خالص منافع حاصل کیا اور قانونی تقاضوں اور اکاؤنٹنگ فریم ورک کے تحت اختصاص کے بعد 2,428 ارب روپے کا فاضل منافع وفاقی حکومت کو منتقل کر دیا گیا۔

سالانہ مالی گوشوارے اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر دیکھے جاسکتے ہیں:
https://www.sbp.org.pk/reports/annual/AFS.htm

****